## پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے ، الطاف حسین
## پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ روزمرہ استعمال کی اشیاء اور ٹرانسپورٹ کے کرائے میں اضافہ کا سبب بنتا ہے
## بے روزگاری اور آسمان سے باتیں کرتی ہوئی مہنگائی کے سبب غریب عوام پہلے ہی مسائل ومشکلات سے گھرے ہوئے ہیں
## پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔یکم فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ براہ راست روزمرہ استعمال کی تمام اشیاء اور ٹرانسپورٹ کے کرائے میں اضافہ کا سبب بنتا ہے۔انہوں نے کہا کہ بے روزگاری اور آسمان سے باتیں کرتی ہوئی مہنگائی کے سبب غریب عوام پہلے ہی مسائل ومشکلات سے گھرے ہوئے ہیں ،غربت کی چکی میں پس رہے ہیں اور عوام کی اکثریت خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہی ہے۔ان حالات میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کرنا روزمرہ استعمال کی اشیاء کو غریب عوام کی قوت خرید سے دور کرنے کے مترادف ہے جو کہ ملک بھر کے غریب عوام پر سراسر ظلم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کا فوری نوٹس لیا جائے ، غیر منصفانہ اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور غریب عوام کو مہنگائی کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## ایم کیوایم کے ہمدرد محمد رضوان کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ناظم آباد کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم یونٹ 171 کے ہمدرد محمد رضوان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے سوگوار لواحقین سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔( آمین )

## ایم کیوایم کے ہمدرد محمد رضوان کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے ، رابطہ کمیٹی
## دہشت گردی کے مسلسل واقعات کو شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے

کراچی۔۔۔یکم فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ناظم آباد کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم ناظم آباد کے ہمدرد محمد رضوان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے مسلسل واقعات کو شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے ہمدرد محمد رضوان ناظم آباد میں واقع اپنی سسرال میں بالکونی میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ریلوے پھاٹک کے قریب مسلح دہشت گردوں نے اندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں رضوان کی گردن پر دو گولیاں لگیں۔اسی طرح مسلح دہشت گردوں نے نارتھ ناظم آباد کے علاقے یوسی 3 کے حق پرست یوسی ناظم فیصل معیز کے گھر پر بھی فائرنگ کی اور خوف وہراس پھیلایا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے مسلسل واقعات کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا تسلسل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں دہشت گردی اور قتل وغارتگری اور ایم کیوایم کے کارکنان وہمدردوں کے بہیمانہ قتل کے واقعات کا فوری نوٹس لیا جائے اور سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے ہمدرد محمد رضوان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

## ناظم آباد میں مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کے واقعات پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

## فائرنگ کے واقعات میں کئی افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار

## شرپسند عناصر اورنگی ٹاؤن، قصبہ کالونی اور بنارس کے بعد اب دیگر علاقوں کا امن تباہ کرنے کی بھی کوششیں کررہے ہیں

کراچی ۔۔۔۔ یکم فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ناظم آباد میں مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کے واقعات کی شدید مذمت کی ہے اور فائرنگ کے ان واقعات میں کئی افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن عناصر اپنی مسلح کارروائیوں کے ذریعے شہر کا امن تباہ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں اور یہ شرپسند عناصر اورنگی ٹاؤن، قصبہ کالونی اور بنارس کے علاقوں میں معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کے بعد اب شہر کے دیگر علاقوں کا امن تباہ کرنے کی بھی کوششیں کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے ناظم آباد میں فائرنگ کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے عناصر کو گرفتار کیا جائے ۔ رابطہ کمیٹی نے فائرنگ کے واقعات میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی صحتیابی کی دعا کی ۔ رابطہ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پرامن رہیں اور متحد ہو کر شہر کا امن تباہ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنادیں ۔

## لاہور میں مبینہ پولیس مقابلے میں نوجوان کی ہلاکت اور مقتول کے اہل خانہ پر بہیمانہ تشدد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت، افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین

## گورنر پنجاب سلمان تاثیر، وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف اور وزیر داخلہ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ

## مبینہ پولیس مقابلے میں نوجوان کی ہلاکت کا سختی سے نوٹس لیا جائے

## سوگوار لواحقین سے رابطہ کمیٹی کی جانب سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار

لاہور ۔۔۔ یکم فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے لاہور میں مبینہ پولیس مقابلے میں 22 سالہ نوجوان کی ہلاکت اور پولیس کی جانب سے احتجاجی ورثاء پر لاٹھی چارج، گرفتاریوں اور بہیمانہ تشدد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا کہ پولیس مقابلے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی اراکین نے کہا کہ مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہونے والے نوجوان کے ورثاء اپنے تحفظات کا اظہار کررہے ہیں اور نوجوان کی ہلاکت کو جعلی پولیس مقابلہ قرار دے رہے ہیں ۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ محکمہ پولیس لاہور کا رویہ مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہونے والے نوجوان کے سوگوار لواحقین کے ساتھ انتہائی ہتک آمیز اور شرمناک ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔ افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر، وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف اور وزیر داخلہ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ مبینہ پولیس مقابلے میں نوجوان کی ہلاکت کا سختی نوٹس لیا جائے ۔ مقتول کے ورثاء کے تحفظات دور کیے جائیں اور پولیس کی جانب سے سوگوار ورثاء کے ساتھ ہتک آمیز رویہ پر کارروائی عمل میں لائی جائے اور ذمہ دار عناصر کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے ۔ رابطہ کمیٹی نے ہلاک ہونے والے نوجوان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے ۔

## عوام وکارکنان نظام الدین ولد وہاب الدین کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین

لندن ۔۔ یکم، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے خالہ زاد بھائی نظام الدین ولد وہاب الدین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے ۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ نظام الدین کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں ۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔01فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم بدین زون یونٹ ٹنڈو غلام علی کے انچارج علی چانڈیو کی زوجہ محترمہ رابعہ، ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن ابوالحسن کی والدہ محترمہ خالدہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆